20936 ـ كيا زكاة كے مال سے مسلمان قيدى چھڑانے جائز ہيں ؟

سوال

كيا زكاۃ كے مال سے مسلمان قيديوں كو چھڑانا مندرجہ ذيل فرمان بارى تعالى ميں داخل ہے:
اور غلام آزاد كرانے ميں . ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

كفار كے ہاتھوں سے مسلمان قيديوں كو آزاد كروانا غلام آزاد كرانے سے افضل اور بہتر ہے، اور اس فرمان بارى تعالى ميں بالاولى داخل ہوتا ہے، كيونكہ ان قيديوں كا اپنے اہل و عيال سے جدا ہونے ميں انہيں ضرر اور نقصان ہے، اور اس ميں ان كى تذليل اور توہين اور تعذيب ہے، لہذا انہيں آزاد كروانا اور چھڑانا غلام آزاد كرانے سے اولى اور افضل ہے.